## 116782 ـ انٹرنیٹ سے فری کتابیں اور پروگرام ڈاؤنلوڈ کرنے کا حکم

**سوال**

انٹرنیٹ پر دینی اور سائنسی کتب موجود ہیں، کیا میں ان کو محفوظ کر سکتا ہوں اور پڑھ سکتا ہوں، نیز کیا میں ان کتابوں میں سے جن حصوں کی مجھے ضرورت ہے ان کا پرنٹ نکال سکتا ہوں؟ میں یہ بھی جاننا چاہتا ہوں کہ انٹرنیٹ پر موجود کمپیوٹر اور موبائل وغیرہ کے فری سافٹ وئیرز کو ڈاؤنلوڈ کرنا جائز ہے؟ کیا میں یہ جان سکتا ہوں کہ فلاں پروگرام کو ڈاؤنلوڈ کرنے کی اجازت ہے ؟ یا ایسی کوئی صورت نہیں ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

انٹرنیٹ پر موجود فری کتابوں سے استفادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، آپ چاہیں تو انہیں پڑھیں، محفوظ کریں یا ضرورت والا حصہ پرنٹ کریں؛ کیونکہ انٹرنیٹ پر انہیں رکھا ہی اس لیے جاتا ہے۔

اس بارے میں مزید کے لیے آپ سوال نمبر: (38847 ) کا جواب ملاحظہ کریں۔

اسی طرح انٹرنیٹ پر موجود کمپیوٹر اور موبائل کے فری سافٹ وئیرز ڈاؤنلوڈ کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ چنانچہ اصل یہی ہے کہ انہیں ڈاؤنلوڈ کرنا جائز ہے، اس حوالے سے اگر اصل مالک نے اجازت نہ دی ہوئی ہو تو بنیادی ذمہ داری اس ویب سائٹ پر عائد ہو گی جس نے یہ سافٹ وئیر اپلوڈ کیے ہیں، چنانچہ ویب سائٹ کا وزٹ کرنے والے پر لازم نہیں ہے کہ وہ ہر کتاب اور سافٹ وئیر کے بارے میں تاکید کرے کہ مالک نے اس کی اجازت دی ہے یا نہیں۔

اللہ اعلم